شہد سے میٹھا نام
محمد ﷺ
تصنیفِ لطیف
شیخ التفسیر والحدیث حضرت مولانا
علامہ محمد فیض احمد اویسی رضوی قادری مدظلہ
ناشر
ادارہ تصنیفات علامہ اویسی بہاولپور

۷۸۶
۹۲

کتاب ہذا میں تاجدار کل کائنات امام الانبیاء والرسل حضور
سید عالم حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اسم
مبارک محمد کے فضائل وکمالات ومعجزات وبرکات
بہترین عجائبات اور اعلیٰ نکات و لطائف کا بیان ہے

شہد سے میٹھا نامِ محمد صلی اللہ علیہ وسلم

تصنیف لطیف

شیخ التفسیر والحدیث حضرت مولانا علامہ محمد فیض احمد اویسی رضوی قادری مدظلہٗ

ناشر

اِدارہ تصنیفات علامہ اویسی بہاول پور

تقسیم کار

مکتبہ اویسیہ رضویہ ملتان روڈ بہاول پور (پاکستان)

نام کتاب	شہد سے میٹھا نام محمد
مصنف	حضرت علامہ محمد فیض احمد اویسی
تصحیح	چودھری مشتاق محمد خاں صاحب
ناشر	ادارہ تصنیفات علامہ اویسی بہاولپور
بہ اہتمام	حافظ رحیم بخش اویسی ناظم مکتبہ اویسیہ
طابع	
ضخامت	صفحات
طباعت	آفسٹ
سائز	۱۸ × ۲۳ / ۸
بار دوم	۱۴۰۵ھ / ۱۹۸۵ء
قیمت	۳۰/ روپے

(۱۷) وَلَوْ اَنَّهُمْ رَضُوْا مَآ اٰتٰهُمُ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ (پارہ ۱۰ سورۃ التوبہ آیت ۵۹)

(۱۸) وَقَالُوْا حَسْبُنَا اللّٰهُ سَيُؤْتِيْنَا اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ وَرَسُوْلُهٗ ۙ

(پارہ ۱۰ سورۃ التوبہ آیت ۵۹)

(۱۹) فَاَنَّ لِلّٰهِ خُمُسَهٗ وَلِلرَّسُوْلِ (پارہ ۱۰ سورۃ الانفال آیت ۴۱)

(۲۰) وَمَا نَقَمُوْٓا اِلَّآ اَنْ اَغْنٰىهُمُ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ ۚ

(پارہ ۱۰ سورۃ التوبہ آیت ۷۴)

(۲۱) وَقَعَدَ الَّذِيْنَ كَذَبُوا اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ (پارہ ۱۰ سورۃ توبہ آیت ۹۰)

(۲۲) اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاَنْعَمْتَ عَلَيْهِ (پارہ ۲۲ سورۃ الاحزاب آیت ۳۷)

بلکہ نبی کریم صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے معاملہ کو خود اپنا معاملہ بتایا۔ چنانچہ ملاحظہ ہو۔

(۲۳) وَمَا رَمَيْتَ اِذْ رَمَيْتَ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ رَمٰى ۔ (پارہ ۹ سورۃ انفال)

(۲۴) اِنَّ الَّذِيْنَ يُبَايِعُوْنَكَ اِنَّمَا يُبَايِعُوْنَ اللّٰهَ ۔ (پارہ ۲۶ سورۃ فتح)

(۲۵) وَلَوْ اَنَّهُمْ اِذْ ظَّلَمُوْٓا اَنْفُسَهُمْ جَآءُوْكَ فَاسْتَغْفَرُوا اللّٰهَ وَاسْتَغْفَرَ لَهُمُ الرَّسُوْلُ لَوَجَدُوا اللّٰهَ تَوَّابًا رَّحِيْمًا ۔

(پارہ ۵)

اس عقیدہ کو آج شرک سے تعبیر کیا جارہا ہے اور یہی بات منافقین نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کو کی تھی۔ کیونکہ جب "مَنْ يُّطِعِ الرَّسُوْلَ فَقَدْ اَطَاعَ اللّٰهَ" جیسی آیات نازل ہوئیں تو منافقین نے کہا کہ ادھر تو نبی اکرم صلے اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ اللہ کو واحد لاشریک لہٗ مانو۔ اور ادھر اپنی طاعت کا حکم بھی دیتے ہیں یہی شرک نہیں تو اور کیا ہے (روح البیان)

حالانکہ نبی علیہ السلام کو اللہ تعالےٰ کا مظہر اتم ماننا عین اسلام ہے۔ بلکہ اللہ تعالےٰ نے درختوں پر بھی اپنی تجلیات کا مظہر بنایا کما قال اللہ تبارک وتعالےٰ